# فکر نوع ویلفیئر سوسائٹی

## رجسٹریشن K - (3052)

### تنظیم کا تعارف:

| | |
|---|---|
| تنظیم کا نام | فکر نوع ویلفیئر سوسائٹی |
| علاقے کا نام | محمدی ڈیرہ ملیر کالونی بلاک A |
| U.C | U.C نمبر 2 کالا بورڈ |
| ٹاؤن | ملیر |

### تنظیم کے قیام کا پس منظر:

ملیر کا علاقہ لیز اور متوسط طبقے کی آبادی ہے۔ بنیادی سہولیات تو حاصل ہیں۔ مگر آجکل معاشرہ میں بڑھتی ہوئی بدامنی اختلافات ایک دوسرے کے ساتھ دست گریباں ہونا، لوٹ مار، اسٹریٹ کرائم میں اضافہ لوگوں میں برداشت کی کمی صبر کی جگہ غصہ، چڑچڑاہٹ، جلد بازی ایک دوسرے سے الجھنا نظر آتا ہے۔ اپنے بڑوں کا ادب احترام نہیں کرنا کچھ تو کم عمری سے چھالیہ۔ مین پوری دیگر اشیاء استعمال کرتے ہیں۔ جس سے منہ اور معدے کے کینسر میں مبتلا کردیتے ہیں۔ ہمارے لیے یہ اشیاء حیات نہیں موت کے اسباب فراہم کرتی ہیں۔ ہمارے اخلاق اس قدر گر گئے ہیں کہ کسی بات سننے کو تیار نہیں ہوتے ان تمام وجوہات کی وجہ سے ہمارا جنت جیسا ماحول بالکل تبدیل ہو کر رہ گیا ہے۔ ان ہی مسائل پر توجہ دینے کے لیے ہم نے باہمی مشاورت سے تنظیم فکر نوع ویلفیئر سوسائٹی کا قیام عمل میں لایا گیا۔

## تنظیمی ڈھانچہ کی تفصیل عہدیداران

چیئرمین: مختار حسن

صدر: شاہدہ پروین

نائب صدر 1: تنویر حسین

نائب صدر 2: نجم الحسن

جنرل سیکریٹری: سید عباس

جوائنٹ سیکریٹری: اوصاف عباس

فنانس سیکریٹری: ناہید فاطمہ

## ممبران مجلس عاملہ

تاجور عباس، امرین، شبیہ زھرہ، طلعت زھرہ، اثاث عباس، سخاوت علی، سلطان حسین، عدنان مختار، فضل عباس، نسرین زیدی



اہم سرگرمیاں:

۱۔ فری ڈسپنسری کا قیام

۲۔ لائبریری کا انتظام

۳۔ خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے اقدامات ورکشاپ

۴۔ فلاحی میرج بیورو کا قیام

۵۔ فکرِ نو ع بیوٹی پارلر اینڈ ٹریننگ سینٹر کا قیام

۶۔ ماری اسٹوپس ہیلتھ ورکشاپ

۷۔ فراہمی جہیز

۸۔ راشن امداد، گفٹ اسکیم

۹۔ سماجی تنظیموں کے ساتھ روابط

۱۰۔ قومی و بین الاقوامی تقاریب

## فری ڈسپنسری کا قیام

غریب افراد کے علاج معالجے کے لیے ممبران کے تعاون سے علاقے میں ایک ڈسپنسری قائم ہے۔ جس میں ایک دن کی دوائی اور معائنہ فیس Rs.10 چارج کئے جاتے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ ڈسپنسری کا معیار مخیّر حضرات کے تعاون سے بہتر بنایا جائے۔



## لائبریری کا انتظام

FNWS کے زیرِ اہتمام ایک چھوٹی لائبریری کا قیام عمل میں لایا جاچکا ہے۔ یہ آہستہ آہستہ مخیّر حضرات کی جانب سے کتابوں کی فراہمی کے بعد ترقی کی جانب رواں دواں ہے۔ انشاء اللہ جلد ہی یہ ایک باضابطہ لائبریری کی شکل اختیار کرے گی۔





## خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے اقدامات اور ورکشاپ

(FNWS) نے خواتین کو بہت اہمیت دی ہے کیونکہ معاشرے کی تعمیر و تربیت میں بڑا کردار ادا کرتی ہیں۔ یہ نسلوں کی تعلیم و تربیت کر کے ملک کو معمار فراہم کرتی ہیں۔ ویلفیئر چاہتی ہے کہ خواتین کو معاشرتی ثقافتی اور معاشی میدان میں ان کی اہمیت اور ضرورت کو محسوس کیا جائے اور ان کو ان مقام دیا جائے۔ کاروکاری اور قرآن سے شادی جیسی رسومات کا خاتمہ ضروری ہے۔



## فلاحی میرج بیورو کا قیام

(FNWS) کے تحت ایک میرج بیوروں کام کر رہا ہے۔ جس کا مقصد والدین کی پریشانی کو کم کرنا بچوں اور بچیوں کے رشتوں کے سلسلے میں جدو جہد کرنا یہ میرج بیوروں صرف انسانی خدمت کا جذبہ کے تحت عمل میں لایا گیا ہے۔ کیونکہ ویلفیئر نے اس معاشرتی مسئلہ کو محسوس کیا۔ آج کل تجارتی بنیادوں پر بننے والے میرج بیوروں میں سادہ لوح لوگوں سے ہزاروں روپے وصول کئے جاتے ہیں۔ غلط بیانی کی بنیاد پر جو رشتے کروائے جاتے ہیں ان کے نتائج اچھے برآمد نہیں ہوتے۔ اس لیے فکر نوع ویلفیئر سوسائٹی کے تحت جو رشتے کروائے جارہے ہیں ان کا مقصد پیسہ کمانا نہیں بلکہ گھر آباد کرنا اور خوشیاں مہیا کرنا ہے۔



## فکرنوع اریبہ ہربل بیوٹی پارلر اینڈ ٹریننگ سینٹر کا قیام:

بیوٹی کلینک اینڈ ٹریننگ سینٹر یا اسکل ٹریننگ سینٹر کا مقصد غریب اور یتیم بچیوں کو بیوٹیشن کی ٹریننگ انتہائی برائے نام فیس لے کر فراہم کی جاتی ہے۔ تا کہ وہ اس ہنر کو سیکھ کر باعزت روزگار حاصل کر سکیں۔ غریب بچیوں کو دلہن بنانے کے لیے بہت کم پیسے یا سامان کی صورت میں ہونے والے اخراجات لیے جاتے ہیں یہ بیوٹی کلینک اینڈ ٹریننگ سینٹر یا اسکل ٹریننگ سینٹر محمود آباد نمبر ساڑھے چار 1/2 4 میں فکرنوع اریبہ ہربل بیوٹی کلینک اینڈ ٹریننگ سینٹر کے نام سے کام کر رہا ہے اور محترمہ تنویر صاحبہ اس میں خدمت انجام دے رہی ہیں۔





## ماری اسٹوپس ہیلتھ ورکشاپ:

ماری اسٹوپس کے تعاون سے خواتین کے نسوانی مسائل اور خاندانی منصوبہ بندی تولید صحت پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ خواتین کے مسائل اور صحت وتندرستی کے حوالے سے معلومات فراہم کی گئی۔ جس میں علاقے سے خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ جس میں خواتین کو فیملی پلاننگ کی افادیت کے بارے میں بتایا گیا۔




## کتابوں اور کاپیاں کی تقسیم

بچوں کی فیسیں اور کاپیاں، کتابیں بچوں کے اسکولوں کی فیسیں ادا کی گئیں اور کاپیاں کتابیں مہیا کی گئیں تاکہ علم کے زیور سے آراستہ ہوسکیں۔



فراہمی جہیز:

ویلفیئر سوسائٹی کی صدر محترمہ شاہدہ پروین صاحبہ نے اپنے ممبران کے ہمراہ شادی بیاہ سے متعلق پیش آنے والے مسائل کے بارے میں لوگوں کی آراء اور مشکلات جاننے کے لیے کراچی کے مختلف علاقوں میں جا کر خواتین سے ملاقاتیں کیں دوران ملاقات خواتین کی بڑی تعداد نے اس بات کا اظہار کیا کہ رشتوں کے سلسلے میں سب سے بڑی رکاوٹ جہیز بن جاتا ہے رشتوں کے سلسلے میں جب لوگ لڑکی کو دیکھنے اس کے گھر جاتے ہیں۔ اس سلسلے میں ہم نے کچھ ضرورت مند بچوں کو جہیز بھی دیا ہے۔ تو لڑکی کے ساتھ ساتھ ان کی دلچسپی اس کے والدین کی مالی حالت جاننے میں ہوتی ہے دوران گفتگو جہیز کی ڈیمانڈ کر دیتے ہیں۔ لیکن منہ سے ڈیمانڈ کرنا بیٹی والوں کے لیے افسوس اور تکلیف کا باعث بن جاتا ہے۔ ایک مسئلہ گوری رنگت کا ہے چاہے اپنا بیٹا کالہ سیاہ موٹا پیٹ نکلا ہوا پینتالیس سال کا ہو لیکن لڑکی کم عمر اور گوری رنگت پڑھی لکھی ہونی چاہیے۔



## راشن اسکیم

ماہ رمضان میں نادار اور غریب افراد کیلئے راشن فراہم کیا جاتا ہے تا کہ رمضان کے بابرکت مہینے میں اللہ کی نعمتوں سے مستفید ہو سکیں۔





# فری کپڑوں کا اسٹال

(FNWS) نے ملیر سٹی منگل بازار چٹائی گراؤنڈ میں بچوں اور خواتین کے سلے سلائے کپڑوں کا فری اسٹال لگا کر ان کی مدد کی جس سے بچوں اور خواتین نے فائدہ حاصل یہ کیمپ منگل بازار چٹائی گراؤنڈ ملیر میں لگایا گیا۔





# بچوں کا عالمی دن

بچوں کے عالمی دن کے موقع پر بچوں کے حقوق تعلیم تربیت سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی اور کیونکہ بچے ہی کسی قوم کا مستقبل اور معیار ہوتے ہیں ان کی تعلیم وتربیت پر توجہ دینا صرف والدین ہی نہیں بلکہ سماج کی بھی ذمہ داری ہے۔



## بچوں میں تحائف کی تقسیم

فکر نوع ویلفیئر سوسائٹی کی جانب سے مختلف کورز پروگراموں میں بچوں میں گفٹ تقسیم کئے جاتے ہیں۔ ان کورز پروگراموں سے بچوں میں سیکھنے اور جاننے کا شعور بیدار ہوتا ہے اور مختلف تحائف کی وجہ سے بچوں کی لگن میں اضافہ ہوتا ہے اور ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کا جذبہ فروغ پاتا ہے۔






## سماجی تنظیموں کے ساتھ روابط:

(FNWS) کراچی کی مختلف سماجی تنظیموں اور غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ روابط میں ہے تنظیموں سے رابطے کا مقصد آپس میں مسائل کے حل کے لیے مشترکہ ایشو پر آواز اٹھانا اور ایک دوسرے کے کاموں میں مدد کرنا ہے۔ اربن ریسورس سینٹر کے زیر اہتمام ہونے والے فورمز اور دیگر پروگراموں میں شرکت کی جاتی ہے۔ جن سے کافی معلومات حاصل ہوتی ہے۔



## قومی وبین الاقوامی تقاریب

(FNWS) نے ہمیشہ معاشرے کے ساتھ ہم آہنگی کا کردار ادا کیا ہے۔ ہم قومی تقاریب یوم آزادی، جشن عید میلاد النبی، سیرت نبوی کے علاوہ بین الاقوامی ایام جن میں خواتین کا عالمی دن، ماں کا عالمی دن، بچوں کا عالمی دن، عالمی یوم صحت، چائلڈ لیبر اور یوم مئی پر باقاعدگی سے پروگرام منعقد کیئے جاتے ہیں۔

صدر ویلفیئر سوسائٹی شاہدہ پروین سابق صدر غلام اسحٰق خان مرحوم کے ساتھ۔



## اسکولوں میں اخلاقیات کے حوالے سے لیکچرز

حقوق العباد کے سلسلے میں جو کام، اسکول، مدرسہ اور چرچ اسکول میں انجام دیئے گئے اس کے نتائج تاثرات کی صورت میں درج ذیل ہیں۔

**تاثرات:**

اس پروگرام میں ذہنی اور جسمانی رہنمائی بڑے اچھے انداز میں کی گئی جس کے دوررس نتائج مرتب ہوں گے۔ اس سے نہ صرف معاشرہ ٹھیک ہوگا بلکہ ہمیں اپنے دین سے بھی آگہی ملے گی۔ اس پروگرام میں اساتذہ اور والدین کی اہمیت اور احترام، پڑوسیوں کے ساتھ سلوک اور تعلیم کی افادیت بیان کی گئی ہے۔ اس سے طلباء کا مستقبل بہتر ہوگا۔ اچھا انسان بنانے اور بہترین پاکستانی بننے میں معاون ثابت ہوگا۔ عالم کی ایک گھنٹہ کی گفتگو دس گھنٹے کے مطالعہ سے بہتر ہے۔



## جشن آزادی 14 اگست

جشن آزادی 14 اگست ہمارا یوم آزادی ہے۔ اس کو جوش جذبہ کے ساتھ منانا اور اس دن کی اہمیت کو اجاگر کرنا ضروری ہے تا کہ ہمارے بچے بزرگوں کی محنت اور قربانیوں سے واقف ہوں۔




## چائلڈ لیبر

چائلڈ لیبر کے خاتمہ کے لیے تنظیم نے مختلف پلیٹ فارم پر آگاہی اور رہنمائی کیلئے لیکچرز دیئے اور لوگوں میں چائلڈ لیبر کے حوالے سے شعور کو بیدار کرنے کی کوشش کی۔



## عید میلاد النبی / سیرت نبوی

عید میلاد النبی ہمارا مذہبی تہوار ہے۔ اس دن چراغا کرنا سبیل لگانا اور خیرات تقسیم کرنا کارِثواب ہے۔
آنحضرتؐ کے یوم ولادت باسعادت کے موقع پر کوئین پروگرام، تقاریری مقابلے کا انعقاد کیا گیا تاکہ واقفیت حاصل ہو۔




